"میرا شیڈول میرے ارد گرد کام کرتا ہے!" -- اسٹیو F.

44 Holland Avenue
Albany, NY 12229-0001


NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY.
Office for People With Developmental Disabilities

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY.
Office for People With Developmental Disabilities

# میری زندگي میرا انتخاب

## سیلف ڈائریکٹیڈ سروسز

نشو و نما میں مانع بیماریوں کے شکار افراد کے لئے

(866) 946-9733 | NY Relay System 711

www.opwdd.ny.gov

## کیا سیلف ڈائریکشن میرے لئے صحیح ہے؟

اگر آپ OPWDD خدمات کے اہل ہیں اور ہوم اینڈ کمیونٹی بیسڈ سروسز (HCBS) ویور میں درج شدہ ہیں، تو آپ سیلف ڈائریکشن منتخب کر سکتے ہیں۔

**سیلف ڈائریکشن آپ کے لئے صحیح ہو سکتی ہے اگر:**

- آپ اپنی سروسز اور شیڈول کے ساتھ مزید لچک چاہتے ہیں،
- آپ اپنی سروسز کے بارے میں اپنے طور پر یا مدد کے ساتھ فیصلے کرنے کے لئے تیار ہیں، اور
- آپ اپنی سروسز کے نظم و نسق کی زیادہ ذمہ داری لینا چاہتے ہیں۔

شروع کرنے سے پہلے، اس بارے میں سوچنے کے لئے وقت نکالیں کہ آپ کو گھر، اپنی کمیونیٹی اور اپنی روزمرہ کی زندگی میں کس قسم کی مدد کی ضرورت ہے۔

اگر آپ اپنی سروسز کو سیلف ڈائریکٹ کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور یہ آپ کے لئے صحیح نہیں ہے، تو آپ ہمیشہ سپورٹ کے زیادہ روایتی ماڈل پر واپس جا سکتے ہیں۔

"میری زندگی کے ہر پہلو میں اپنی بات کہنا اچھا لگتا ہے۔"
--
Ed B.

## سیلف ڈائریکشن کی جانب قدم اٹھانا

سیلف ڈائریکشن کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، اپنے کیئر مینیجر اور ریجنل سیلف ڈائریکشن رابطہ سے بات کریں۔

آپ سیلف ڈائریکشن رابطہ OPWDD کی Self-direction ویب سائٹ پر مزید جان سکتے ہیں اور معلومکات حاصل کر سکتے ہیں www.opwdd.ny.gov/selfdirection.

آپ کا کیئر مینیجر اور سیلف ڈائریکشن رابطہ آپ کی رہنمائی کریں گے۔
وہ اقدامات جو آپ کو سیلف ڈائریکٹیڈ زندگی گزارنے کے لئے اٹھانے کی ضرورت ہے۔

## سیلف ڈائریکشن کیسے کام کرتی ہے؟

سیلف ڈائریکشن منصوبہ بندی کے عمل سے شروع ہوتی ہے تاکہ آپ کو یہ معلوم کرنے میں مدد ملے کہ آپ کے لئے کون سی معاونت سب سے زیادہ اہم ہے۔

**آپ سیلف ڈائریکٹ کے لئے تمام یا بعض خدمات کا انتخاب کر سکتے ہیں جن سے آپ کو مدد ملے:**

- اپنی پسند کی کمیونٹی اور گھر میں رہنا،
- کام کرنا، رضاکارانہ طور پر سے یکم انجام دینا اور وہ سرگرمیاں کرنا جن سے آپ لطف اندوز ہوں،
- دوستوں اور اہل خانہ نے ساتھ تعلقات رکھنا، اور
- صحت مند رہنا۔

آپ کا کیئر مینیجر اور ریجنل سیلف ڈائریکشن رابطہ آپ کو یہ جاننے میں مدد کر سکتا ہے کہ آپ کے لئے سروس کے کون سے آپشن موجود ہیں۔

## آغاز کرنے میں کون میری مدد کرے گا؟

اگر آپ سیلف ڈائریکٹ کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ لوگوں کی ایک ٹیم کے ساتھ کام کریں گے جو آپ کی سروسز کو منتخب کرنے اور بجٹ کو جمع کرنے میں آپ کی مدد کرے گی۔ یہ ٹیم، یا سرکل آف سپورٹ، آپ کے ذریعہ منتخب کردہ لوگوں کا ایک گروپ ہے۔

آپ کے سرکل آف سپورٹ میں خاندان اور قریبی دوست، آپ کا کیئر مینیجر، ایک سپورٹ بروکر اور عملہ شامل ہو سکتا ہے جو آپ کو اچھی طرح جانتے ہیں۔

## سپورٹ بروکر کیا ہے؟

اگر آپ یہ کنٹرول کرنا چاہتے ہیں کہ آپ کے بجٹ سے فنڈز کیسے خرچ ہوتے ہیں، تو آپ اپنی مدد کے لئے ایک سپورٹ بروکر کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کا بروکر آپ کی ضرورت کی سروسز اور معاونت کی بنیاد پر آپ کے ساتھ ایک خود ساختہ بجٹ تیار کرے گا۔

آپ کا بروکر آپ کو ان نتائج کا کام کرنے کے لئے منصوبہ تیار کرنے میں بھی مدد کر سکتا ہے جو آپ زندگی میں حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

"میں بہت خوش ہوں کہ میں نے یہ کیا (سیلف ڈائریکشن)۔ میں
بہت زیادہ خوش ہوں، بہت زیادہ پر اعتماد شخص ہوں اور میں وہ کام کر رہا ہوں جو مجھے پسند ہیں۔"Cathy T.

# سسیلف ڈائریکٹڈ سروسز (خود ہدایت کردہ خدمات) نشو و

### نما میں مانع بیماریوں کے شکار افراد کے لئے

سیلف ڈائریکشن آپ کو اپنی خدمات کا انتخاب کرنے کا موقع فراہم کرتی ہے تاکہ آپ اپنی مرضی کی زندگی گزار سکیں۔ اپنی خدمات کو خود ڈائریکٹ کر کے، آپ کو انتخاب کرنے میں زیادہ لچک ملتی ہے۔ آپ کے لیے صحیح معاونت کرتا ہے، وہ اسٹاف جس کے ساتھ آپ کام کرنا چاہتے ہیں، اور ایک شیڈول جو آپ کے لئے بہترین کام کرتا ہے۔

**آپ کے کیئر مینیجر اور ان لوگوں کی مدد سے جو آپ کو سپورٹ کرتے ہیں،**

**آپ** ان خدمات کا انتخاب کرتے ہیں جو آپ چاہتے ہیں

اورجن کی آپ کو ضرورت ہے۔ **آپ** جس اسٹاف کے ساتھ

کام کرنا چاہتے ہیں اس کا انتخاب کرتے ہیں۔ **آپ** اپنے

اسٹاف کی خدمات حاصل کرتے ہیں اور ان کی نگرانی

کرتے ہیں۔

**سیلف ڈائریکشن آپ کو اس بات پر زیادہ کنٹرول فراہم کرتی ہے کہ آپ اپنی زندگی کو کس طرح تشکیل دیتے ہیں۔**